5th Pillar
Family Takaful Limited

# ضابطہ اخلاق

ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ نے تمام اسٹیک ہولڈرز کی خدمت کے لیے پیشہ ورانہ مہارت، اخلاقی اقدار، دیانتداری اور ڈائریکٹرز/پروموٹر/ملازمین کے اتحاد اور یگانگت کا ایک اعلی معیار ترتیب دیا ہے۔ مکمل طور پر وقف کی بنیاد پر قائم تکافل کمپنی ہونے کی حیثیت سے ہم اپنے تمام کاروباری معاملات میں شرعی اصولوں کی پاسداری یقینی بنائیں گے۔
اس ضابطہ اخلاق کا اطلاق ڈائریکٹرز، ایجنٹ، باقاعدہ/مستقل/بے قاعدہ/جزوقتی اور کانٹریکٹ پر موجود ملازم سمیت ہر اس شخص پر ہوتا ہے جو کمپنی کے ساتھ متعلق ہو اور کسی بھی قسم کا عہدہ رکھتا ہو۔

**کاروباری اقدار اور طریقۂ کار کا بیان**

ہمارا ای دیانت داری ہمارے شرکاء تکافل، ساتھیوں، شیئر ہولڈرز اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے لیے ہمارے طرز عمل کی رہنمائی کرتی ہے۔ یہ اصول ہمارے ضابطۂ اخلاق اور اقدار کی بنیاد ہیں، جس کو ذیل میں بیان کیا جا رہا ہے:
قانون اور قانونی نظام کی تعمیل ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ کا اساسی اصول ہے۔ ہر ملازم، ایجنٹ، ڈائریکٹر یا ہر وہ شخص جو ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ میں کسی بھی حیثیت میں کوئی عہدہ رکھتا ہو، قانونی نظام کے تمام قواعد و ضوابط کو من وعن تسلیم کرے گا۔ ہر ملازم، ایجنٹ، ڈائریکٹر یا ہر وہ شخص جو ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ میں کسی بھی حیثیت میں کوئی عہدہ رکھتا ہو، اگر کسی قانون کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا گیا تو اس جرم کے اعتبار سے تادیبی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ہم سب مختلف قسم کے پس منظر/نسل، ثقافت، جنس، مذہب، عمر اور معذوری کے حامل افراد کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں، لہذا، ذاتی سلامتی، رازداری اور ہر فرد کے ذاتی حقوق کا احترام ایک بنیادی اصول ہے اور ہر فرد کے لیے اس کا احترام کرنا ضروری ہے۔

ہم اپنی جدید پراڈکٹ اور خدمات کے معیار اور قیمت کے ذریعے منصفانہ تقابل پر یقین رکھتے ہیں، دوسروں کو نامناسب فوائد کی پیش کش نہیں کرتے۔ ملازمین کو اس بات کی قطعا اجازت نہیں ہے کہ وہ کوئی درخواست کرنے، مطالبہ کرنے، قبول کرنے، حاصل کرنے یا فوائد کا وعدہ کرنے کے لیے اپنی ملازمت کا استعمال کریں۔

ہم کسی کے ساتھ بھی سیاسی تعاون (چندہ برائے سیاسی افراد، سیاسی جماعت، یا سیاسی ادارے) نہیں کرتے، معاشرے کے ایک ذمہ دار کارپوریٹ شہری ہونے کی حیثیت سے ہم صرف تعلیم، صحت اور سماجی و انسانی فلاح و بہبود کے پراجیکٹ کے لیے عطیات دیتے ہیں اور دیں گے۔

ہمارا مقصد ایسے معزز صارفین اور کاروباری پارٹنر کے ساتھ کاروباری معاملات انجام دینا ہے، جو قانونی کاروباری سرگرمیوں میں مصروف ہوں۔ ہم جان بوجھ کر کسی غیر قانونی سرگرمی کو نہ ہی نظر انداز کریں گے اور نہ ہی اس کے ساتھ تعاون کریں گے۔

ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ کا ہر ملازم کمپنی کے غیر مادی اثاثے اور سافٹ ویئر پراڈکٹ سمیت تمام اثاثہ جات کی حفاظت کا ذمہ دار ہے اور ان کو صرف کمپنی کے مفاد میں ہی استعمال کرے گا۔

کھلے اور موثر رابطہ کے لیے درست اور سچی رپورٹنگ ضروری ہوتی ہے۔ کمپنی مناسب طریقۂ کار اور کنٹرول برقرار رکھے گی، تاکہ لین دین منظور شدہ اجازت کے اندر انجام پائے جائیں اور کمپنی کی ذاتی اور ملکیتی معلومات کی رازداری کو ہر حال میں سختی سے برقرار رکھا جائے۔

ہر ملازم، ایجنٹ، ڈائریکٹر یا ہر وہ شخص جو ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ میں کسی بھی حیثیت میں کوئی عہدہ رکھتا ہو، قانون کی پاسداری اور کارپوریٹ گورننس کی تعمیل کو یقینی بنائے گا۔ مفادات کے ٹکراؤ سے گریز کیا جائے گا، اور جہاں یہ صورت پائی جا رہی ہو وہاں رہنمائی حاصل کرنے کے لیے متعلقہ سینئر انتظامیہ کے سامنے اسے ظاہر کیا جائے گا۔

انتظامیہ، تمام حساب کتاب، اعداد و شمار، معلومات اور ریکارڈ کو دیانتداری کے ساتھ برقرار رکھے گی اور اس کی درست اور بروقت رپورٹنگ یقینی بنائے گی۔

کمپنی تمام افراد کے لیے مساوی مواقع فراہم کرتی ہے، اور اس کے ملازمین کی بھرتی اور عملے سے متعلق پالیسیز کسی بھی قسم کے تعصب سے پاک ہیں۔